Title - GULDASTA-E-SARWARI AL MAROOF BA NOOR AHMADI

Creator - Mohd. Ali Haq Qazimi

Publisher - Matba Tijarati Press (Aligarh).

Date - 1905.

Pages - 53.

Subjects -

افتتاح

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَوْلِیَائِہٖ اُمَّتِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○

بندۂ درگاہ و خادم بارگاہ سید الکونین رسول الثقلین پیشوائے مرسلین ۔ مہبط روح الامین سید اولاد آدم ابوالقاسم جناب حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۔ خاکسار عاصی پُرمعاصی محمد علی حسن الکاظمی بلبرامی ابن جناب سید محمد اکمل حسین صاحب مدظلہ العالی برادر حقیقی جناب ہدایت مآب میران سید محمد اولاد حسین شاہ صاحب چشتی نظامی بلبرامی مدظلہ العالی ۔ ہدیہ ہذا مسمیٰ گلدستہ سرمدی معروف بہ نور احمدی واسطے افادہ عام و نیز برائے مریدان معتقدان و مستمندان حضرت قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین گوہر یکتا صدر نجیا ۔ تاج ادبا ۔ فخر الاولیا حضرت خواجہ مخدوم سیدنا محمد صلاح الدین حسن چشتی نظامی جرجانی بلبرامی رحمۃ اللہ علیہ ۔ حیز تحریر میں لاتا ہے ۔ جناب باری تعالیٰ سے بالتجا امید ہے کہ عاشقان اذکار اولیا و طالبان صادق باصدق و صفا نسخہ ہذا کو اپنا حرز جان بنا کر بعنایت ایزدی و بتوجہ مرشدی فیضان الٰہی حاصل کریں تو دعائے خیر میں فقیر سراپا تقصیر کو نہ بھول جائیں ۔

وہا انا اشرع فی المقصود متوکلا علی الملک الودود ۔

ہذہ الشجرۃ طیبہ شریف پیران طریقت چشت اہل بہشت رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

ہر کہ را اجداد باید جنت الماوی بہشت ❊ ہر زمان با صدق خواند شجرہ پیران چشت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا خدا بہر محمد مصطفیٰ فریاد رس ❊ دستگیرا تو ولی جز تو ندارم ہیچکس

گر تو ہم داری نگہ بہر حسین ابن علی ❊ این غلاست انسازی غیر تو محتاج کس

تاریخ وفات معہ سنہ ہجری

الٰہی بحرمت و برکت از و نیاز حضرت مرشدنا واقف خفی و جلی مخدوم سیدنا محمد صلاح الدین چشتی جرجانی بلرامی رحمۃ اللہ علیہ۔

الٰہی بحرمت و برکت از و نیاز حضرت تاج اولیا مخدوم شیخ محمد نصیر الدین محمود روشن چراغ دہلوی

الٰہی بحرمت و برکت راز و نیاز حضرت سلطان المشائخ مخدوم سید محمد نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بحرمت و برکت راز و نیاز حضرت خواجہ مخدوم شیخ محمد فرید الدین بابا گنج شکر بقا رحمۃ اللہ علیہ۔

الٰہی بحرمت و برکت از و نیاز حضرت خواجہ مخدوم سید محمد قطب الدین اوشی کاکی دہلی رحمۃ اللہ علیہ۔

الٰہی بحرمت و برکت از و نیاز حضرت سلطان العاشقین ہند الولی خواجہ سید محمد معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ۔

الٰہی بحرمت و برکت راز و نیاز حضرت خواجہ محمد عثمان ہارونی رحمۃ اللہ علیہ۔
الٰہی بحرمت و برکت راز و نیاز حضرت خواجہ شاہ حاجی شریف زندانی رح
الٰہی بحرمت و برکت راز و نیاز حضرت خواجہ شاہ مودود چشتی پارسا رح
الٰہی بحرمت و برکت راز و نیاز حضرت خواجہ شاہ ابو یوسف چشتی رحمۃ اللہ علیہ۔
الٰہی بحرمت و برکت راز و نیاز حضرت خواجہ شاہ ابو محمد چشتی رحمۃ اللہ علیہ۔
الٰہی بحرمت و برکت راز و نیاز حضرت خواجہ شاہ احمد ابدال چشتی باسخا رح
الٰہی بحرمت و برکت راز و نیاز حضرت خواجہ شاہ شیخ ابو اسحاق شامی چشتی خوش الحان رح
الٰہی بحرمت و برکت راز و نیاز حضرت خواجہ شاہ ممشاد علو دینوری ابو العلا رح
الٰہی بحرمت و برکت راز و نیاز حضرت خواجہ شاہ ہبیرہ بصری پیشوا رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت و برکت راز و نیاز حضرت خواجہ شیخ حذیفہ مرعشی شاہ صفا رحمۃ اللہ علیہ۔
الٰہی بحرمت و برکت راز و نیاز حضرت خواجہ شیخ ابراہیم بن ادہم سلطان بلخی رح
الٰہی بحرمت و برکت راز و نیاز حضرت خواجہ شاہ فضیل ابن عیاض رح
الٰہی بحرمت و برکت راز و نیاز حضرت خواجہ شیخ عبد الواحد بن زید رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بحرمت و برکت راز و نیاز حضرت خواجہ شیخ حسن بصری امام اولیا رضی اللہ عنہ
الٰہی بحرمت و برکت راز و نیاز حضرت امام العارفین ہادی عالم شیر خدا اسد اللہ الغالب امیر المومنین حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام۔
الٰہی بحرمت و برکت راز و نیاز حضرت سرور عالم سید اولاد آدم ابو القاسم پیشوائے مرسلین مہبط روح الامین جناب احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم۔

ایضاً منظوم

ھٰذہٖ الشجرۃ منظوم چشتیہ نظامیہ اصلہا ثابت و فرعہا فی السماء

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَوْلِیَاءِ اُمَّتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ -

از طفیلِ ذاتِ پاکِ مہرِ ختم المرسلین
بہرِ حقِ اولیاء و بندگانِ صالحین
حضرتِ مولا صلاح دین شہ نصیر الدین چراغ
شہ نظامِ نورِ مظہر شہ فرید و قطب دین
شہ معین و شاہ عثمان و زندنی و مودود شاہ
شہ ابو یوسف ولی و بو محمد شہ ذی الیقین
شہ ابی احمد و ابی اسحاق و ممشادِ علو
بو ہبیرہ شہ حذیفہ و ابن ادہم شاہ دیں
شہ فضیل و عبد واحد شہ حسن حضرت علی
انما الحسنات فی الدارین رب العالمین

(ترجمہ) خوبیاں ہیں دنیا کی ذید سے رب العالمین

الٰہا دیگر

المدد وارث چراغ الدین مرشد معنوی
المدد شاہ نصیر الدین چراغ دہلوی
المدد شاہِ نظام الدین محبوبِ خدا
المدد گنج شکر بابا فرید الدین سخی
المدد اے قطبِ دیں دشتی و کاکی بختیار
المدد خواجہ معین الدین چشتی ہند الولی
المدد یا خواجہ عثمان و ہم حاجی شریف
المدد مودود چشتی شاہ ابو یوسف چشتی ناصر دین نبی
المدد اے بو محمد و اے ابو احمد لقب
ہم ابو اسحاق و ممشاد علو دینوری
المدد شاہِ امین الدین ہبیرہ باکمال
المدد شاہ سدید الدین حذیفہ مرعشی
المدد یا شاہ ابراہیم ادہم ہم فضیل
المدد اے عبد واحد ہم حسن بصری صفی
المدد مولا علی مرتضیٰ مشکل کشا
المدد اے رحمتِ عالم رسولِ ہاشمی

ہٰذہ الشجرۃ ثانی چشتیہ نظامیہ نصیریہ صلاحیہ در منظوم

رزقہا اللہ تعالیٰ ثمراتہا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

اے خداوندا تو ذات کبریا کے واسطے
رحم کر مجھ پر محمد مصطفیٰ کے واسطے

میں ہوں سخت زار اس دشمنوں میں اسیر
کھول دے مشکل علی مرتضیٰ کے واسطے

خواجہ بصری حسن کا نام لیتا ہوں مطیع
شیخ عبدالواحد اہل بقا کے واسطے

فضل کر بہر فضیل خواجہ ابن عیاض
شاہ ابراہیم بلخی بادشاہ کے واسطے

حضرت خواجہ حذیفہ [illegible] رحم کر
بو ہبیرہ بصری صاحب ہدا کے واسطے

خواجہ ممشاد علی شاطر مرا دل شاد کر
شیخ ابو اسحاق قطب چشتیا کے واسطے

خواجہ ابدال احمد اور بو محمد مقتدا
خواجہ بو یوسف صاحب صفا کے واسطے

خواجہ مودود چشتی اور خواجہ حاجی شریف
خواجہ عثمان اہل اتقا کے واسطے

خلق ہندستان خواجہ معین الدین حسن
شیخ قطب الدین قطب الاتقیا کے واسطے

کام کر شیریں طفیل خواجہ گنج شکر
شہ نظام الدین محبوب الٰہی کے واسطے

دل کو روشن کر طفیل شہ نصیر الدین چراغ
شاہ صلاح الدین چشتی [illegible] کے واسطے

خواجگان چشت کا سر پر مرے سایہ رہے
یا خدا شمس الضحیٰ بدر الدجیٰ کے واسطے

بخشدے اپنی محبت اور قطع کر ماسوا
واسطے پیران شجرہ چشتیا کے واسطے

ونصلی علی رسولہ الکریم

بیان اذکار خفی و جلی و اشغال و مراقبات خاندان چشتیہ نظامیہ بصیریہ

باید کہ با صدق و صفا بطہارت کلیہ ورد کنند۔ بتوجہ مرشدی۔ بشمار فیض و نعمت الٰہی حاصل شود۔ الا شرائط ذیل را نگاہ دارد۔ بدن کلیہ پاک جامہ پاک۔ درستی اعتقاد۔ خشوع و خضوع۔ پابجائی نماز۔ تا امکان پابندی اکل حلال و صدق مقال۔ رو بقبلہ شدن۔

چاہیئے کہ بعد نماز تہجد یا بعد نماز عشا توبہ اور استغفار عجز و انکسار سے کرے اور ہاتھ اٹھا کے یہ دعا بحضور قلب پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ طَھِّرْ قَلْبِیْ عَنْ غَیْرِکَ وَ نَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ اَبَدًا۔ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ تین بار یا سات مرتبہ تکرار کرے۔ گیارہ بار استغفار اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ اور گیارہ مرتبہ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ حُسْنٍ جَمَالِہٖ پڑھ کر چار زانو بیٹھے۔ اور داہنے پاؤں کے انگوٹھے سے اور جو انگلی انگوٹھے کے پاس ہے اُس سے رگ کیماس کو کہ بائیں زانو کے اندر ہے مضبوط پکڑے۔ کمر سیدھی رکھے۔ بہیبت و جمعی سے حرمت و تعوّظ تمام کے ساتھ خوش الحانی سے ذکر شروع کرے۔ یعنی بعد اعوذ و بسم اللہ شریف باخلاص تمام تین بار کلمہ طیبہ اور ایک بار کلمہ شہادت پڑھ کر سر کو قلب کی طرف کہ زیر پستان چپ بفاصلہ دو انگشت کے واقع ہے جھکا کر کلمہ لا کو قوت و سختی سے دل کی اندر سے کھینچ کر اور اِلٰہَ کو داہنی مونڈھی کی طرف لیجا کے سر کو پشت کی طرف مائل کر کے تصور کرے کہ غیر اللہ کو دل میں سے نکال کر پس پشت ڈال دیا اور دم کو چھوڑ کر لفظ اِلَّا اللّٰہُ کو زور و سختی سے دل پر ضرب مارے اور تصور کرے کہ عشق و نور الٰہی کو دل میں داخل کیا۔ اسی طرح

اسی نفی۔ اثبات کو فکر و ملاحظہ اور واسطہ کے ساتھ دو صد بار کہے۔ اس ذکر میں
نو بار۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ دسویں مرتبہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ بعد ازاں بطور سابق
تین بار کلمہ طیب اور ایک بار کلمہ شہادت پڑھے۔ لیکن مبتدی کلمہ لَا اِلٰہَ میں
لَا مَعْبُوْدَ اور متوسط لَا مَقْصُوْدَ اور منتہی لَا مَوْجُوْدَ ملاحظہ کرے۔
اسکے بعد لمحہ دو لمحہ مراقب ہونے کے تصور کرے کہ فیضان الٰہی عرش سے میرے
سینہ میں آتا ہے۔ فائدہ یہ کہ دونوں ہاتھوں کو درمیان ذکر نفی و اثبات زانو
پر رکھے۔ تو انگلی شہادت کو حالت نفی میں اُٹھا دے کہ اشارہ اوپر فنا غیر کے ہے
اور اثبات میں نیچے رکھے کہ اشارہ اوپر ثبوت ہستی مطلوب حقیقی کے ہے۔
اور خاطر کو جمع کرے اور حاضر رکھے اور ذکر کو حرمت و ہیبت اور تعظیم سے کرے
فائدہ دیگر۔ حالت نفی میں آنکھ کھلی اور حالت اثبات میں بند کرے۔
پھر نفی و اثبات جسکا اوپر ذکر ہو چکا ہے دو صد مرتبہ کہے۔ اس ذکر کو چار ضربی
کہتے ہیں۔ نو بار نفی و اثبات اور دسویں مرتبہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کہے
لیکن جاننا چاہیے کہ زانو چپ مقام خطرہ شیطانی کا ہے۔ اور زانو راست
مقام خطرہ نفسانی کا ہے۔ مونڈھ راست مقام خطرہ ملکی کا ہے اور قلبی مقام
خطرہ رحمانی ہے۔
طریق اثبات مجرد۔ چاہیے کہ دو زانو بیٹھے اور کمر سیدھی کرے اور
سر کو داہنی مونڈھے پر لیجا کے لفظ اِلَّا اللّٰہُ کو زور اور سختی سے دل پر
ضرب کرے۔ چار صد بار و مادم کرے۔ پھر بطور سابق تین بار کلمہ طیب
اور یکبار کلمہ شہادت کہے۔ بعد ازاں لمحہ دو لمحہ مراقب ہا ہے۔
طریق اسم ذات۔ پھر ذکر اسم ذات اَللّٰہُ اَللّٰہُ کا کرے اس طرح سے
کہ اول حرف ھاء لفظ اَللّٰہُ کو پیش اور دوسری ھاء لفظ اَللّٰہْ کو ساکن

کرے یعنی جزم دے اور آنکھیں بند کرکے۔ سر کو اپنے مونڈھے پر سے لفظ مبارک اللہ اللہ کی دونوں ضرب جہر و قوت سے دل پر مارے۔ اس ذکر اسم ذات دو ضربی کو چھ سو بار دمادم کرے۔ لیکن دسویں گیارہویں بار اللہ حاضری اللہ ناظری اللہ معی معہ ملاحظہ معنی کے کہتا رہے تاکہ کیفیت و لذت ذکر کی و دفع غفلت و دفع خواب حاصل ہو۔ بعد ازاں بطور سابق تین بار کلمہ طیب اور یکبار کلمہ شہادت کہے۔

طریق اسم ذات مجرد۔ پھر یک ضربی اسی طرح سر کو جانب اپنی مونڈھے کے کھینچ کرے لفظ مبارک اللہ کو دل پر سو بار دمادم ضرب کرے۔ بعدہ تین بار کلمہ طیب اور یکبار کلمہ شہادت پڑھکر۔ درود شریف اور استغفار گیارہ گیارہ بار پڑھ کے دعا مانگے۔ اور مناجات کرے کہ الٰہی تو ہی مقصود و رضا تیری مطلوب ہی اور مجکو تو محبت قلبی عطا فرما۔ آمین بحرمت النبی و آل امجاد و اصحاب ارشاد و اولیائے امت رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین۔

طریق شغل اسم ذات۔ چاہیے کہ زبان کو تالو سے لگائے۔ دل سے جسقدر ہو سکے رات دن تصور کیا کرے تلک پختہ ہو کر بے تکلف ذکر قلبی جاری ہو جائے۔

طریق شغل نفی و اثبات برائی دور شدن خطرات فاسدہ

جاننا چاہیے کہ صورت خناس کی مثل اژدھا کی ہی اور سونڈہ رکھتا ہے اور اسپر کانٹے زہردار ہیں۔ جسوقت مرید یا طالب سے کوئی قصور ہوتا ہی یا کھانا ناوجہ سے کھاتا ہی تو خناس قوت پکڑتا ہی اور اپنے پر زہر سونڈ کو اسکے

یعنی (مرید کے) دل پر پھیرتا ہی اور وہ زہر اُسکے یعنی (مرید کے) دل میں
اثر کرتا ہی اُس سے سیاہی پیدا ہوتی ہی۔ پس جب مرید بعد توبہ و استغفار کے
پاس انفاس میں ساتھ ذکر جلی و خفی کے مشغول ہوتا ہی۔ خناس ضعیف ہو جاتا ہی
اور دل صفائی قبول کرتا ہی۔ **فائدہ**۔ پس جسوقت کہ خطرہ سخت فاسد اور بد
عقیدہ دل میں قرار پکڑ لیوے۔ کلمہ لَاۤ اِلٰہَ کو دل سے اُٹھا دیوے اور خیال کرے کہ
خناس جو خود بخود دل پر حملہ کرے ہوئے مثل سانپ کے بیٹھا ہی اُسکی دم مقراض
لَاۤ اِلٰہَ سے پکڑے ہوئے کھینچتا ہی۔ اور داہنی مونڈھے تک پہونچا کر ضرب کلمہ
اِلَّا اللّٰہُ کی دل پر بہت زور سے ضرب مارے۔ اور خیال کرے کہ صدمہ ضرب
اِلَّا اللّٰہُ کا دل سے خناس کے سر پر پڑا اور پاش پاش ہوا اور اندر سے باہر گرا
اسی طرح کشاکش اور دادم میں مشغول رہے۔ بعونہٖ تعالیٰ تھوڑے عرصہ
میں خطرہ فاسد دور ہو جاوے۔ اور خناس خطرہ دہندہ ہلاک ہو جاوے۔
دل مثل آئینہ کے صاف منور بنور ذکر ہو جاوے۔ اس شغل میں ملاحظہ
شرط ہی۔

طریق مراقبہ۔ چاہیئے کہ دو زانو نمازی کی طرح سر جھکا کر بیٹھے اور دل کو
غیر اللہ سے خالی کرکے حق سبحانہ تعالیٰ کی حضوری میں حاضر رکھے۔ اور اعوذ
و بسم اللہ شریف پڑھکر تین بار اَللّٰہُ حَاضِرِیْ (اللہ حاضر ہے)۔ اَللّٰہُ نَاظِرِیْ (اللہ دیکھنے والا ہے)۔ اَللّٰہُ مَعِیْ (اللہ ساتھ میرے ہے)
یعنی زبان سے تکرار کرکے پھر مراقبہ ہوکے ان کے معنوں کا دل میں ملاحظہ کرے
اور تصور کرے یعنی جانے اللہ سبحانہ تعالیٰ حاضر ناظر میرے پاس ہے۔
اس جاننے میں اسقدر خوض کرے اور مستغرق ہو کہ شعور غیر حق کا نہ رہے
یہانتک کہ اپنی بھی خبر نہ رہی۔ اگر ایک آن بھی اس سے غافل ہو تو مراقبہ نہوگا
طریق دیگر۔ اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ انوار الٰہی کو کہ ہر زمان و

و مکان میں موجود ہی جیسا کہ وجود ہستی اسکی کا ہر جگہ ثابت نہیں ملاحظہ کرے مستغرق ہو جاوے۔ فائدہ ابتدائے حال میں تکلف سے مراقبہ ہوگا۔ رفتہ رفتہ ایسا ہو جاویگا کہ ایک لمحہ بھر بھی اُس سے نکل نہ سکیگا۔ گو یہ بتدریج حاصل ہوتا ہے تنگ ہو کر ترک نہ کرے۔

طریق ذکر نفی و اثبات بذریعہ پاس انفاس - چاہیئے کہ اپنے انفاس پر آگاہ و ہوشیار رہے کہ بے ذکر اللہ کے کوئی دم نہ گذرے خواہ ذکر جلی ہو خواہ خفی۔ پس وقت نکلنے سانس کے دم کے ساتھ لَا اِلٰہَ اور وقت داخل ہونے سانس کے دم کے ساتھ اِلَّا اللّٰہُ کہے دہن بستہ بے حرکت زبان خیال سے دم کو ذاکر کرے اور نظر ناف پر رکھے وہاں سے ذکر جاری کرے۔

طریق ذکر اسم ذات بذریعہ پاس انفاس - اسکا ہر دم ذاکر رہے۔ یہ کہ لفظ مبارک اَللّٰہُ کو سانس کے ساتھ اوپر کھینچے اور لفظ ھُو کے ساتھ سانس کو چھوڑ دے۔ اس ذکر کو خیال و دہیان سے ایسی کثرت و مشق کرے کہ دم ذاکر اور مستغرق بذکر ہو جاوے فائدہ - مستغرق بذکر جاگتے و سوتے ہر حال میں ذاکر رہے حتی کہ ذکر حیات و پاس انفاس حاصل ہوا اور دل ماسوائے اللہ سے پاک و صاف اور نورانی ہو کر تم تجلیات اور ارادت غیبی کا ہو۔

طریق زیارت قبور

عوام مومنوں کی زیارت قبور یوں ہے کہ قبلہ کی طرف پشت کر کے میت کے سینہ کی طرف منہ کرے ایک بار سورہ فاتحہ و تین بار قل ھو اللہ اور تین مرتبہ درود شریف پڑھکر بطفیل حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اسکا ثواب بخشے۔ اور جب گورستان میں گئے یہ الفاظ کہے۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَہْلَ الْقُبُوْرِ۔ خواہ یہ کہے اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَہْلَ الدِّیَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُسْلِمِیْنَ یَغْفِرُ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمْ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰہُ بِکُمْ لَلَاحِقُوْنَ۔ اور جو کسی بزرگ وصلحاء کا مزار شریف ہو تو منہ اسکے سینہ کی طرف کرکے بیٹھے اور اکیس مرتبہ چار ضربیوں سے یہ کہنے سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَالرُّوْحِ اور تین بار سورہ اِنَّا اَنْزَلْنَاہُ پڑھے اور دل کو سب خطروں سے خالی کرکے اُس بزرگ کے سینہ کے سامنے کرے۔ اس طرح اُس بزرگ کی روح کے برکات اس زیارت کرنے والے کے دل میں پہونچینگے۔

طریق استمداد:-

استمداد کا طریق یہ ہی کہ جو بزرگ و اولیاء اللہ مشہور ہیں اُنسے اس طرح استمداد چاہیے کہ سرہانے قبر شریف کے اوپر اُنگلی رکھکر سورہ بقر مفلحون تک پڑھے۔ پھر پائینتی اُنگلی رکھکر آمَنَ الرَّسُوْلُ آخر سورہ تک پڑھے اور اُن سے کہے کہ یا حضرت میں اللہ تعالی سے فلاں کام کیواسطے جناب الٰہی میں التجا کرتا ہوں۔ حضور بھی میرے واسطے دعا فرمائیے اور شفاعت میں میری مدد کیجیے۔ پھر روبقبلہ ہوکے خدا تعالی سے دعا مانگے۔

یا خدا بہر جناب مصطفٰے ۔ بہر اصحاب رسول دوسرا
حضرت صدیق تاج المؤمنین ۔ یار غار آں شفیع المذنبین
قاتل اعدائے دیں حضرت عمر ۔ جان نثار و عاشق خیر البشر
حضرت عثمان با حلم و حیا ۔ حامی دین رسول دوسرا

ساقی کوثر علی نامدار
فاتح خیبر شہ دلدل سوار

از طفیل فاطمہ بنت نبی
از طفیل شبر ابن علی

بہر شبیر شہید کربلا
بہر ازواج حبیب کبریا

از طفیل انبیاؤ اولیا
از طفیل اصفیاؤ اتقیا

بخشدے لطف وکرم سی مجکو تو
قول محکم ہے شہ لاتقنطوا

سر پہ عصیاں کا ہی گو بار عظیم
ہی بھروسہ تیری رحمت پہ کریم

یا الٰہی صد درود صد سلام
بہونچے وآل و اصحابش تمام

قصائد و غزلیات حمدیہ و نعتیہ شاعران فصیح و بلیغ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

يا صاحب الجمال و يا سيد البشر
من وجهك المنير لقد نور القمر

لا يمكن الثناء كما كان حقه
بعد از خدا بزرگ توئی قصه مختصر

وصلى الله على نورٍ کزو شد نورها پیدا
زمین از حب او ساکن فلک در عشق او شیدا

محمد احمد و محمود وی را خالقش بستود
کزو شد بود ہر موجود وزو شد دیدہا بینا

ازو در ہر تنی دستے وزو در ہر دلی شوقے
ازو بر ہر زبان ذکرے وزو در ہر سرے سودا

نہ ایوب از بلا راحت نہ یوسف حشمت و شوکت
نہ عیسیٰ آں مسیحی دم نہ موسیٰ آں ید بیضا

اگر نام محمد را نیاوردے شفیع آدم
نہ آدم یافتے توبہ نہ نوح از غرق نجینا

دو چشم نرگسینش را کہ ما زاغ البصر خوانند
دو زلف عنبرینش را کہ واللیل اذا یغشیٰ

ز سر سینہ اش جاہلی یا الم نشرح لک خواں
ز معراجش چہ می پرسی کہ سبحان الذی اسریٰ

دیگر

روشن جہاں میں ہر جا پاتا ہوں نور تیرا
ہر شے میں دیکھتا ہوں پیارے ظہور تیرا

از ماہ تا بماہی تیری ہی بادشاہی
دکھلا رہا ہے عالم کیا کیا ظہور تیرا

گلشن میں چپکے چپکے لیتے ہیں نام غنچے
اور بلبلوں میں ہے ہر سمت شور تیرا

کیوں تلملا کے گرتے غش کھا کے طور پر وہ
گر چوندھیاتا دنیا موسیٰ کو نور تیرا

گر ٹھہرتا تصور تیرا ہمارے دل میں
کچھ پوچھتے نشاں ہم تجھ سے ضرور تیرا

صد حیف ہو کہ انساں کچھ بھی نہ کر سکے ہم
کرتے ہیں ذکر ہر دم وحش و طیور تیرا

منصور کا یہ منہ تھا کہتا جو وہ انا الحق
برپا کیا ہوا تھا پیارے فتور تیرا

بنتے ہی بندہ بت پی لی مئے محبت
آنکھوں میں وہ نشہ ہے دل میں سرور تیرا

بیدم کی آرزو ہے ہر دم یہ جستجو ہے
ملجائے کاش اسکو قرب حضور تیرا

دیگر

اے صدر ایوان رسل وے بزم شمع انبیا
خورشید برج سلطنت جمشید تخت کبریا

طٰہٰ و یٰسین نام تو انا فتحنا کام تو
قرآن ز حق پیغام تو ای آفرینش را بہا

نامت محمد آمدہ محمود و حامد آمدہ
دین تو سرمد آمدہ بو القاسم کنیت ترا

نور دل آدم توئی کام ہمہ عالم توئی
زخستہ را مرہم توئی ہر درد ما را دوا

ترک فلک ہندوی تو نور فلک منظور تو
واللیل وصف موی تو شمس حکایت والضحیٰ

ہم صدر بدر عالمیں ہم تاج فخر آدمی
ہم انبیا را خاتمی ہم مجتبیٰ ہم مصطفیٰ

جنت سرای یار تو رضوان امانت دار تو
وی از گل رخسار تو فردوس اعلیٰ را صفا

دل خستگان را شاد کن ما را ز غم آزاد کن
از عاشقانت یاد کن بخرام در کوی منا

اے اختر برج کرم از روضہ بیرون نہ قدم
تا از رخت چون صبحدم گیرد ہمہ عالم ضیا

چون احمد جامی نہان دارد گناہ بیکران
از حق بخواہ اے کامران عفو گناہ این گدا

دیگر

پھرے زمانہ میں چار جانب نگار یکتا تمہیں کو دیکھا
حسین دیکھے جمیل دیکھے ولیک تم سا تمہیں کو دیکھا

اگرچہ اس گلشن جہاں میں ہزاراں گل ہیں رنگ دیگر
شہا بخوشبوئی روح پرور وصد مہکتا تمہیں کو دیکھا

فلک پہ ہیں مہر و ماہ روشن زمیں پہ ہیں شاہدان پرفن
مگر بناز و ادا شیریں عزیز تر دلربا تمہیں کو دیکھا

حبیب محبوب خاص یزداں جمیل مقبول فخر زماں
وہ جنکو کہتے ہیں جان جاناں خدا کا پیارا تمہیں کو دیکھا

زمیں پر اجسام جنکے مفتوں فلک پہ اجرام جنکے شیدا
بشر ایس انداز و اس ادا کا تمہیں کو دیکھا تمہیں کو دیکھا

دیگر

ضیاء دیدۂ حق ہیں سب یہ رخسارہ محمد کا — کہ ہے اللہ کا دیدار نظارہ محمد کا
فلک پر کوئی حیراں کوئی آوارہ محمد کا — فدا ایک ایک ثابت اور سیارہ محمد کا
خبر تھی سب سے اہم ارشاد کبریائی کی — کہ تھا روح الامیں طفلی سے ہرکارہ محمد کا
فلک کی حرکتوں سے کھل گیا ارباب عرفاں پر — کہ برسوں رہ چکا ہے عرش گہوارہ محمد کا
لیا گردوں پہ اُنکے شربت دیدار کا پیاسا — مسیحا بھی تھا بالتحقیق دکھیارہ محمد کا
اذاں ہے نوبت عرش سلطان دین کی کوس شاہی کا — سدا بجتا ہے پانچوں وقت نقارہ محمد کا

پہنچ لیگا جناں میں جبکہ ایک ایک امتی اُن کا
کہیں اُسوقت ہوگا غم سے چھٹکارا محمد کا

دیگر

لکھوں کیا جلوۂ زیبا صلاح الدین چشتی کا — نبی کا جلوہ ہے جلوہ صلاح الدین چشتی کا
وہ گویا دیکھ آئے ہیں مزار سرور عالم — جنہوں نے دیکھا ہے روضہ صلاح الدین چشتی کا
محبت ہے مرے دل میں صلاح الدین چشتی کی — زباں پر ہے مرے کلمہ صلاح الدین چشتی کا
ہزاروں مشکلیں آساں ہو جائینگی اک دم میں — زباں سے نام جو لیگا صلاح الدین چشتی کا
رہیں حامی مرے غوث الورا خواجہ ہیں رہبر — رہے سر پر مرے سایہ صلاح الدین چشتی کا
محبت ہے تو ہو دل میں صلاح الدین چشتی کی — زباں پر ہو تو ہو کلمہ صلاح الدین چشتی کا

کوئی کچھ بھی کہے لیکن غلام خاص ہے خادم
صلاح الدین چشتی کا صلاح الدین چشتی کا

دیگر

اُس دلربا صنم کا جب سے کیا نظارا ۔ آنکھیں دکھا کے اُسنے بہوت مجکو مارا
کچھ بس چلا نہ اپنا بیساختہ پکارا ۔ دل میرود ز دستم صاحبدلاں خدارا
دردا کہ راز پنہاں خواہد شد آشکارا

ناصح نہیں مرا دل کعبہ کا آرزومند ۔ بدنام عاشقی ہوں تیاہی کیوں مجھے پند
بزم بتاں کا جانا ممکن نہیں کہ ہو بند ۔ درکوی نیکنامی ما را گذر نہ دادند
گر تو نمی پسندی تغییر کن قضا را

دریاے عاشقی ہی آفت کا موج انگیز ۔ اور راستہ ہی اندھیری ملاح کو ہی پرہیز
طوفان نے کر دیا ہی جام حیات لبریز ۔ کشتی شکستگانیم اے باد شرطہ برخیز
باشد کہ باز بینم آں یار آشنا را

دیگر

ہمنے در پردہ تجھے ماہ جبیں دیکھ لیا ۔ اب نکر پردہ کہ اے پردہ نشیں دیکھ لیا
ہم نظربازوں سے تو چھپ سکا جان جہاں ۔ جس جگہ جاکے چھپا ہمنے وہیں دیکھ لیا
نام سنتے ہو تیرا کون و مکان میں پایا ۔ لامکاں کا تجھے کہتے ہیں مکیں دیکھ لیا
تیرے دیدار کی تھی ہمکو تمنا سو تجھے ۔ لوگ دیکھیں گے وہاں ہمنے یہیں دیکھ لیا
عشق تک پہنچا ہی جہاں عقل نہ پہونچیگی وہاں ۔ دیر سدرہ ہی رہا روح الامیں دیکھ لیا
تجھ سوا جو ہی سو وہ وہم و گماں ہی بیشک ۔ اہل انصاف سے دکھیاں کے تجھی دیکھ لیا
سننے حق بینی کا مضمون غزل میں مری ۔ اہل تحقیق کہیں گے کہ کہیں دیکھ لیا
اُس سے پوچھے کوئی توحید کے مضموں ساقی
اُس نے احمد کو احد کے ہی قریں دیکھ لیا

دیگر

ہر ایک دل والہ و شیدا ہی محبوب الٰہی کا ۔ جہاں میں ہر طرف غوغا ہی محبوب الٰہی کا

ہمیں کچھ غم نہیں ہی تابش خورشید محشر سے
ہمارے سر پہ ایک سایہ ہی محبوب الٰہی کا

بہت اندہوں کی آنکھیں کھولدیں اور کان بہروں کے
دم اقدس دم عیسیٰ ہی محبوب الٰہی کا

جہاں میں شور و غوغا ہی ہر ایک کے سر میں سودا ہی
جسے دیکھا وہ دیوانہ ہی محبوب الٰہی کا

مزار پاک پر قربان شب کو چاند ہوتا ہی
یہ دن کو مہر پروانہ ہی محبوب الٰہی کا

انہیں عالم پناہی ہی وہ محبوب الٰہی ہیں
وہ پیارا حق کا حق پیارا ہی محبوب الٰہی کا

نظام الدین سی حسن نظام الدین دنیا ہی
پر تیر قضا رہا ہے محبوب الٰہی کا

ولی ہی وہ محمد مصطفیٰ کے دین کا رہبر
در فردوس ایک کوچہ ہی محبوب الٰہی کا

جہاں میں ہر کسی کو ایک سہارا ہی بھروسہ ہے
غلاموں کو فقط تکیہ ہی محبوب الٰہی کا

جو کچھ علوی نشہ میں بکتا رہتا ہی تو بکنے دو
لو یہ انداز مستانہ ہے محبوب الٰہی کا

دیگر

میری آنکھوں میں ہی جلوا علاء الدین صابر کا
میں دیوانہ ہوں مولانا علاء الدین صابر کا

گدا اُس آستانہ کے نہ چاہیں تاج سلطانی
عجب دربار ہی مولا علاء الدین صابر کا

چلو ای تشنگی جام وحدت دشت کلیر کو
ہی اُمڈا فیض کا دریا علاء الدین صابر کا

پھر نوبت آگئی جاتا ہی ایک عالم زیارت کو
بجا ہی ہند میں ڈنکا علاء الدین صابر کا

جسے منظور ہو شان الٰہی دیکھنی ظاہر
وہ آکر دیکھ لے جلوہ علاء الدین صابر کا

نہ کھایا آپ کھانا اور زمانہ کو کھلاتے تھے
لقب اس صبر کا پایا علاء الدین صابر کا

تمنا گلشن فردوس کی دنیا میں ہو جسکو
وہ آکر دیکھ لے روضہ علاء الدین صابر کا

ہوئی مسجد شہید اور دب گئے جو تھے وہاں حاضر
خدا کا قہر ہی خود علاء الدین صابر کا

کوئی پوچھے کہ اکبر کس کا بردہ ہی تو کہہ دونگا
علاء الدین صابر کا علاء الدین صابر کا

دیگر

جہانمیں ہر طرف جلوا ہی مخدوم شنائی کا — میرا اول والد و شیدا ہی مخدوم شنائی کا

بھلا تعریف کیا ہو اور بیاں کیا انکا رتبہ ہو — علی مرتضی دادا ہی مخدوم شنائی کا

مرض روحی ہو یا جسمی شفا دونوں کو ملتی ہی — عجب دربار شاہانہ ہی مخدوم شنائی کا

چلو اے عاشقان فن شراب عشق پینے کو — کھلا وحدت کا میخانا ہی مخدوم شنائی کا

تصدق اپنے مرشد کے کہ جسنے آن احدیر — بنا یا مجکو دیوانہ ہی مخدوم شنائی کا

فرشتوں سی لحد میں یوں کہونگا پوچھتی کیا ہو
یہ خادم خاص مستانہ ہی مخدوم شنائی کا

دیگر

عاشق بدنام کو پروائے ننگ و نام کیا — آپ جو ناکام ہو اسکو کسی سے کام کیا

ہیں حبب [illegible] کس طرح ملتے ہی ہو — جب نہو آرام دل تو پاسے دل آرام کیا

ابتدائے عشق میں ہم تو گئے جاں سی گذر — انتہائے عشق میں ہو دیکھیے انجام کیا

جو کہ مضطر شیفتہ ہیں زلف و روی یار کے
وہ سمجھتی ہی نہیں ہیں [illegible] کیا اسلام کیا

دیگر

دلم در ناتہی آوارہ شد آوارہ تر بادا — تنم از بید لی بیچارہ شد بیچارہ تر بادا

بتاراج اسیراں زلف تو عیار میدارد — بخون ریز عزیزاں چشم تو عیار تر بادا

رخت تازہ ہست بہر مردن خود تازہ تر خواہم — دلت خارست بہر کشتن من خارہ تر بادا

گر اے زاہد دعا خیر میگوئی مرا ایں گو — کہ آں آوارہ کوے بتاں آوارہ تر بادا

دل من پارہ گشت از غم ہجراں گو نہ کہ بہ گردد — اگر جاناں بدیں شاد ست یا رب پارہ تر بادا

ہمہ گویند کز خوں خوارش خلق بجاں آمد — من ایں گویم کہ بہر جان من خونخوارہ تر بادا

چوں بارد ز ہجر خو گرد خسرو باد چشم تر

گرچہ در صورت گدائی میکنم	گنج معنی در دل ویران ماست
گر کسے برہاں طلب دارد ز من	نور حق در جان ما برہان ماست

احمدا سر را فدا کن در رہش ؎
سر فدا کردن رہ یاران ماست ؎

دیگر

تھا شب کو خیال رخ نیکوئے محمد	رویا میں نظر آیا مجھے روئے محمد
تھی عطر فشاں چار طرف بوئے محمد	اترائیں نگاہیں جو پڑیں سوئے محمد
عاشق ہوں دل و جاں سے شہ دوسرا کا	آنکھوں میں سمایا ہے مرے کوئے محمد
زاہد ہے سوا اپنا طرف قبلہ جھکائے	عاشق ہوں مرا کعبہ ہے ابروئے محمد
جبریل کو اول جو یہ جلوہ نظر آیا ؎	دل لوٹ گیا دیکھتے ہی روئے محمد
حیران ہوئی عقل ملک جن و بشر کی ؎	دیکھا جو کبھی آئینہ روئے محمد
مرشد تو بڑی مہر ہوئی بخت رسا کی	جو خواب میں دیکھے رخ نیکوئے محمد
بجلی کی طرح برق تجلی بھی تڑپ جائے	بے پردہ اگر ہو رخ نیکوئے محمد
خورشید کا جلوہ نہ تجلی ہے قمر کی	پھیلی ہوئی ہے روشنی روئے محمد
ہر ماہ میں گھٹ تیرہ ہے فلک پہ مہ نو	ابروئے محمد ہے کبھی روئے محمد
آئے نہ خزاں باغ میں پژمردہ ہوں گل	پڑ جائے اگر سایہ ابروئے محمد
رہ جائے قیامت میں سیہ کار دل کا پردہ	کھل جائے اگر دامن گیسوئے محمد
محبوب کے غم میں بہائے کوئی آنسو	گر دیکھے یہ سرو قد دلجوئے محمد
بلبل کو محبت کبھی ہوتی نہ چمن سے	پھولوں میں بس جاتی اگر بوئے محمد

رضواں جو دم مرگ ذرا بھی ہوا اشارہ
اترائی ہوئی جان چلے سوئے محمد

دیگر

خبرم رسید کامشب بشکار خواهی آمد — سر من فدائے راہے کہ سوار خواهی آمد
همه آهوان صحرا سر خود نهاده برکف — باامید آنکه روزے بشکار خواهی آمد
کشش کہ عشق دارد نگذاردت بدینسال — بجنازه گر نیائی بمزار خواهی آمد
بلبم رسید جانم تو بیا کہ زنده مانم — پس ازانکه من نمانم بچه کار خواهی آمد
منی لست خون مردم کہ تو مینخوری مادم — مخور اینقدر کہ فردا بخمار خواهی آمد
بیک آمدن ربودی دل و دین صبر خسرو — چه شود اگر بدینسان دو سه بار خواهی آمد

دیگر

شاهدان جان ببازار آمده اند — یوسفان بهر خریدار آمده اند
اے بت من بهر پابوسی تو — مومنان در زیر زنار آمده اند
شاهدان خود نمائش رخصت — از تحیر نقش دیوار آمده اند
در سوالت اے کلیم بے دہان — بے زبانها هم بگفتار آمده اند
فارغ از جنت نظربازان تو — سوئے محشر بهر دیدار آمده اند
شاہی غفاری تو چون جوش زد — بندگان کفر گنهگار آمده اند
آن کسان کز درد علوی واقف اند — سر بکف در کوئے سردار آمده اند

دیگر

عشق اکنون مهربانی می کند — جان جان امروز جانی می کند
کیمیائے کیمیا سازست عشق — خاک را گنج معانی می کند
گه چو روح اللہ طبیبی می کند — گه خلیلے میزبانی می کند

روز و شب شوریدگانِ عشق را
چوں محمد پاسبانی می کند

دیگر

غرقۂ دریائے عصیانم خدایا دستگیر — وز گناہِ خود پشیمانم خدایا دستگیر
بے حضورِ طاعتی دارم نہ ذوقِ حاجتے — زیر بارِ جرم و عصیانم خدایا دستگیر
درمیانِ فتنۂ آخر زماں افتادہ ام — از چنیں آشوبِ دورانم خدایا دستگیر
مفلس و عورم ندارم زادِ مدلۂ آخرت — از تو باشد چشم احسانم خدایا دستگیر
دست آویزے ندارم غیر لطفِ عام تو — نا امید از جملہ خلقانم خدایا دستگیر
آفتابِ عمر من رو در زوال آوردہ است — با جل دست و گریبانم خدایا دستگیر
دیو و شیطاں گر کنندم وسوسہ در وقت مرگ — از فن و وسواس دیوانم خدایا دستگیر

ہر کسے فردا ز چیزے دم زند اے قطب دیں
تو بگو من از ضعیفانم خدایا دستگیر

دیگر

اے میرے صابر پیارے بے خبر — آ پڑا ہوں در تمہارے بے خبر
درد دل کس سے کہوں میں تم علاء — دین و دنیا کے سہارے بے خبر
ہجر نے پھونکا ہی میرا تن بدن — اٹھتے ہیں دل سے شرارے بے خبر
فقر ہی تم سے جہاں میں جلوہ گر — دین احمد کے ستارے بے خبر
فرقتِ غم نے رلایا ہے مجھے — کوچہ و بازار سارے بے خبر
یا علاء الدین تم بن کون ہے — ہادی و مولا ہمارے بے خبر

خادمِ مسکیں بیچارہ ناتواں
کس کے در پر جا پکارے بے خبر

دیگر

یا صلاح الدین تیرے مقتل میں آنا ہی ضرور
تیغ سے تیری ہمیں سر کو کٹانا ہی ضرور

خلق بوسہ دیتی ہے لے مولا دلی کو تیرے
کیونکہ یہ خانۂ خدا کا آستانہ ہی ضرور

ہم کو کیا مطلب کسی سے ہم ہیں دیوانہ تیرے
جام مے وحدت ہمیں تجھو پلانا ہی ضرور

عشق تیرا کھینچ لاتا ہے ہزار دل کو یہاں
جام مقصد انکو بھی تجکو پلانا ہے ضرور

گوہر دل گم ہوا ہے کوئے جاناں میں مرا
چھانتا ہوں یاں کی مٹی اسکو پانا ہی ضرور

جان و دل اسلام و دیں سب تیری خاطر کھو چکی
خادم مسکین کو اتنو منہ لگانا ہے ضرور

دیگر

بیکارم و باکارم چوں مد بحباب اندر
گویانم و خاموشم چوں خط بکتاب اندر

گہ شادم و گہ غمگین از حال خودم غافل
میگریم و می خندم چوں طفل بخواب اندر

اے زاہد ظاہر بیں از قرب چہ می پرسی
او در من و من در وی [illegible] بآب اندر

در یار دو از چشمم لب تر نشود از وے
ایں طرفہ عجائب بیں لب تشنہ بآب اندر

در سینہ نصر الدین جز عشق نمی گنجد
ایں طرفہ تماشا ہیں دریا بحباب اندر

دیگر

عاشق یارم مرا با کفر با ایماں چہ کار
تشنہ دردم مرا با وصل با ہجراں چہ کار

از لب جاناں تمی یابم نشان زندگی
بس مرا ایجانمن با جان با جاں چہ کار

کشتۂ عشقم مرا از شحنۂ دوراں چہ غم
مفلس عورم (عیب دار) مرا با زمرۂ دیواں چہ کار

قبلہ و محراب من ابروی دلدار ست و بس
ایں دل شوریدہ را با ایں و باآں چہ کار

چونکہ اندر ہر دو عالم یار می باید مرا
با بہشت و دوزخ و با حور با غلماں چہ کار

ہر کہ از خود شد مجرد در طریق عاشقی
از غم و درد شش حق آگاہی با درماں چہ کار

صورت مرداں چہ خواہی سیرت مرداں گزیں
مرد عاشق پیشہ را با صورت ایواں چہ کار

حافظا گر عاشق و مستی دگر رہ باز گوے
عاشق یادم مرا با کفر و با ایماں چہ کار

دیگر

دے مست بیرقی تبارہ کردہ از یکطرف
شبدیز را مطلق عناں پیچید عمدا یکطرف

تا بر رخ زیبائے تو افتادہ زاہد را نظر
تسبیح و زہدش یکطرف ماندہ مصلا یکطرف

تیرے کہ دیدہ زد بر دلم پیداست تا غایت ازاں
پیکان درکلش یکطرف سوفار پرہا یکطرف

در چاہ حسنی کو بی خود افتادہ بینی بندہ را
تن یکطرف جاں یکطرف سر یکطرف پا یکطرف

سلطان خوباں میرود ہر سو ہجوم عاشقاں
چاہا یک سو ایں یکطرف مسکیں گدا یکطرف

نوشیں شراب لعل او شد مجلس ما بیخبر
ساقی صراحی یکطرف مستاں سو یکطرف

جاں خسرو دل خستہ را خوں ریختن فرمودہ است
خلقے بمنت یکطرف آں شوخ تنہا یکطرف

دیگر

دکھلاؤ دوا تبو جمال صاحب رکھو گے منہ پر نقاب کبتک
تمہارا عاشق ہوا ہے رسوا کر دوگے اسکو خراب کبتک
تمہاری فرقت میں نیم جاں ہوں مثال بسمل تڑپ رہا ہوں
تم اپنے شیدا کا حال دیکھو جدا رہو گے جناب کبتک
خراب خستہ وطن کو چھوڑا تمہاری خاطر بتوں کو توڑا
ملے نہ اب پیر بھی ہم سے صاحب کرینگے عذاب کبتک
ہوئی ہے تم سے مجھی محبت پڑی ہے زلف دوتا سے الفت

خاک شفا ہی غبار مدینہ آب بقا انہار مدینہ
دار الشفا ہی کوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

حد سی بڑھی جب ہول قیامت تب گھبرا کر بہر شفاعت
کل کی نظر ہو سوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ایسی تپش میں بار خدایا تیرے عرش کا پائے سایہ
بیدلؔ مدحت گوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

دیگر

دیدہ لبریزم سراپا انتظار کیستم
ذوق دیدار یکہ دارم بیقرار کیستم

کشتۂ آں خال مشکیں بستۂ زلف سیاہ
گر مسلمان نیستم زنار دار کیستم

گشتہ صیاد دلم از زخم شمشیر نگاہ
نیم بسمل گشتہ ام یارب شکار کیستم

صید دام افتادہ را صیاد میگر و قفس
حیرتے دارم کہ یارب من شکار کیستم

حافظم در مدرسہ دردے کشم در میکدہ
سخت حیران گشتہ ام من در شمار کیستم

دیگر

ز من بیہودہ گرد کوچہ و بازار میگردم
مذاق عاشقی دارم پئے دیدار میگردم

خدایا رحم کن بر من پریشان وار میگردم
